سوال

(559) رضاعت کی آخری حد کتنی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رضاعت کی آخری حد کتنی ہے۔ حاملہ عورت بچے کو دودھ پلا سکتی ہے؟ (ابو ضماد، شیخوپورہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رضاعت کی مدت دو سال [{وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ ط} [البقرة: ۲۳۳] [''مائیں اپنی اولادوں کو دو سال کامل دودھ پلائیں۔ ''] اور مقدار پانچ رضعات ہے۔ [عائشہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ: ''قرآن میں اترا تھا کہ دس بار چوسنا دودھ کا حرمت کرتا ہے۔ پھر منسوخ ہوگیا اور یہ پڑھا گیا کہ پانچ بار دودھ چوسنا حرمت کا سبب ہے۔ ''] 1 حاملہ عورت بچے کو دودھ پلا سکتی ہے۔ ۲۲ ۷ ۱۴۲۱ھ

1 صحیح مسلم کتاب الرضاع

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]()

جلد 02 ص 474

محدث فتویٰ